وقار احمد ملک

نان ایگزیکٹو ڈائریکٹر اور چیئرمین بورڈ آف ڈائریکٹر

تعلیمی قابلیت: فیلو ممبر انسٹی ٹیوٹ آف چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس، انگلینڈ اینڈ ویلز

عہدہ: مینجنگ ڈائریکٹر، فوجی فاؤنڈیشن

جوائننگ کی تاریخ: 9اپریل2020ء

پتہ: فوجی فاؤنڈیشن ہیڈ آفس، 68ٹیپو روڈ، چکلالہ، راولپنڈی

جناب وقار احمد ملک نے 9اپریل2020ء کو فوجی فاؤنڈیشن میں بطور مینجنگ ڈائریکٹر اور چیف ایگزیکٹو آفیسر کی حیثیت سے شمولیت اختیار کی۔ مسٹر ملک انگلینڈ اور ویلز میں انسٹی ٹیوٹ آف چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس کے فیلو ممبر ہیں اور ہارورڈ بزنس سکول اور INSEAD کے سابق طالب علم ہیں۔

اس سے قبل آپ برطانیہ میں قائم آئی سی آئی، پی ایل سی گروپ کے ساتھ 27 سال کام کرنے کا تجربہ رکھتے ہیں جبکہ آپ ہالینڈ میں موجود ایکزو نوبل این وی کے ساتھ بھی کام کر چکے ہیں۔

تقریباً 10 سال تک آپ آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کے چیف ایگزیکٹو آفیسر اور LOTTE پاکستان لمیٹڈ (سابقہ پاکستان پی ٹی اے لمیٹڈ) کے چیف ایگزیکٹو آفیسر اور چیئرمین بھی رہے ہیں۔ آئی سی آئی اور ایکزو نوبل کے ساتھ اپنے کیریئر کے دوران آپ نے یورپ اور امریکہ میں کارپوریٹ فنانس اور اسٹریٹجی جیسے شعبوں میں کام کیا۔

اس وقت آپ فوجی گروپ کمپنیوں کے بورڈز پر چیئرمین کی حیثیت سے خدمات انجام دے رہے ہیں۔ ان کمپنیوں میں ماری پٹرولیم کمپنی لمیٹڈ، فوجی فرٹیلائزر کمپنی لمیٹڈ، ایف ایف سی انرجی لمیٹڈ، فوجی فریش این فریز لمیٹڈ، فوجی سیمنٹ کمپنی لمیٹڈ، عسکری سیمنٹ لمیٹڈ، عسکری بینک لمیٹڈ، فوجی اکبر پور شیامیرین ٹرمینل لمیٹڈ، فوجی ٹرانس ٹرمینل لمیٹڈ، فوجی آئل ٹرمینل اینڈ ڈسٹری بیوشن کمپنی لمیٹڈ، فوجی انفراویسٹ فوڈز لمیٹڈ، فاؤنڈیشن ونڈ انرجی 1 اینڈ 2 لمیٹڈ، فاؤنڈیشن پاور کمپنی ڈھرکی لمیٹڈ، فوجی کبیر والا پاور کمپنی لمیٹڈ، فوجی فرٹیلائزر بن قاسم لمیٹڈ، ایف ایف بی ایل پاور کمپنی لمیٹڈ، فاؤنڈیشن سولر انرجی (پرائیویٹ) لمیٹڈ اور ڈھرکی پاور ہولڈنگز لمیٹڈ شامل ہیں۔

اس کے علاوہ آپ رفحان مئیز پروڈکٹس کمپنی لمیٹڈ، پاکستان ماروک فاسفورس ایس اے اور پاکستان موبائل کمیونیکیشنز لمیٹڈ کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کے بھی ممبر ہیں۔

آپ پاکستان آکسیجن لمیٹڈ (باضابطہ طور پر لنڈے پاکستان جو کہ لنڈے اے جی کی ذیلی کمپنی ہے) کے چیئرمین بھی ہیں، یہ کمپنی اڈیرا کیپیٹل ہولڈنگز (پرائیویٹ) نے حاصل کی تھی جس کے وہ شریک بانی ہیں۔

اس سے قبل جناب ملک مختلف اداروں کے بورڈز میں فرائض سرانجام دے چکے ہیں جن میں پی پی ایل–چیئرمین (نان ایگزیکٹو، انڈیپنڈنٹ)، اینگرو کارپوریشن لمیٹڈ–ڈائریکٹر (نان ایگزیکٹو، انڈیپنڈنٹ)، سٹینڈرڈ چارٹرڈ بینک پاکستان لمیٹڈ–ڈائریکٹر (نان ایگزیکٹو، انڈیپنڈنٹ)، اینگرو پولیمر اینڈ کیمیکلز لمیٹڈ–ڈائریکٹر (نان ایگزیکٹو، انڈیپنڈنٹ) اور ٹی پی ایل انشورنس لمیٹڈ–ڈائریکٹر (نان ایگزیکٹو) شامل ہیں۔

آپ پاکستان کے ریگولیٹری سسٹم کی ترقی کے ساتھ ساتھ اقتصادی اصلاحات کے حوالے سے بھی اہم کردار ادا کرتے رہے ہیں۔ ان کے ایسے چند فرائض منصبی میں ڈائریکٹر سٹیٹ بینک آف پاکستان، صدر اوورسیز چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹریز (او آئی سی سی آئی)، صدر–مینجمنٹ ایسوسی ایشن آف پاکستان (ایم اے پی) اور ڈائریکٹر–پاکستان بزنس کونسل (پی بی سی) شامل ہیں۔